میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

جمعرات، 25 محرم، 1443ھ | 02/09/2021 | نمبر: 1443/06

پریس ریلیز

سید علی گیلانی کی شہادت یہ تقاضا کرتی ہے کہ پاکستان کی افواج جہاد کے ذریعے مقبوضہ کشمیر کو آزاد کرائیں تاکہ وادی فتح کی تکبیرات سے گونج اٹھے اور مقبوضہ کشمیر پر کلمہ طیبہ کے جھنڈے لہرائے جائیں

پاکستان اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں پر غم کا پہاڑ ٹوٹ پڑا جب انہیں یکم ستمبر کی رات 10 بج کر 30 منٹ پر سید علی گیلانی کی شہادت کی خبر موصول ہوئی۔ بے شک اللہ سبحانہ تعالیٰ ہی زندگی دیتے ہیں اور اللہ سبحانہ تعالیٰ ہی اسے واپس لے لیتے ہیں۔ پس ہم وہی الفاظ کہیں گے جو ہمارے رب کو پسند ہیں ﴿**إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ**﴾ "**ہم اللہ ہی کے ہیں اور اللہ ہی کی طرف ہمیں پلٹ کر جانا ہے**" (سورۃ البقرۃ: 2:156)۔ سید علی گیلانی 60 کی دہائی سے، مسلم سرزمین پر ناجائز قبضے کے خلاف دلیری سے جدوجہد کرنے والوں میں سرفہرست رہے اور پچھلے 11 برس سے ہندو افواج نے انہیں ان ہی کے گھر پر نظر بند کر رکھا تھا، جس کا سنگین اثر ان کی صحت پر بھی پڑا اور اس امر نے ان کی شہادت میں کردار ادا کیا۔ یہ سید علی گیلانی ہی تھے جنہوں نے مقبول و معروف نعرہ "ہم پاکستان ہیں، پاکستان ہمارا ہے" کی بنیاد رکھی تھی اور مقبوضہ کشمیر کی آزادی اور پاکستان کے ساتھ الحاق کی زبردست تحریک چلائی۔

اے پاکستان کے مسلمانو! اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، ﴿**مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا**﴾ "**ایمان لانے والوں میں ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے اللہ سے کیے ہوئے عہد کو سچا کر دکھایا ہے ان میں سے کوئی اپنی نذر پوری کر چکا اور کوئی وقت آنے کا منتظر ہے، انہوں نے اپنے رویے میں کوئی تبدیلی نہیں کی**" (سورۃ الاحزاب 33:23)۔ ہم دعا گو ہیں کہ سید علی گیلانی قیامت کے روز انبیا علیہ السلام، شہدا اور صدیقین کے ساتھ اٹھائے جائیں، کیونکہ حق کے راستے پر صبر اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر توکل کے ساتھ چلتے رہنا مؤمن کے لیے گھاٹے کا سودا نہیں۔ یہ جان لیں کہ سید علی گیلانی کی شہادت محض غم گزاری اور جھنڈے سرنگوں کرنے کا موقع ہرگز نہیں۔ ان کی شہادت اس بات کا پُرزور تقاضا کرتی ہے کہ ہماری افواج بغیر کسی تاخیر کے تکبیرات اور کلمہ کے جھنڈوں کو بلند کرتے ہوئے مبارک جہاد کا آغاز کریں۔ سید علی گیلانی اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے اپنے وعدے میں سچے رہے حتیٰ کہ وہ اپنے خالق سے جا ملے۔ اور یہی سنہری موقع آج ہماری قابل اور بہادر افواج میں موجود ان مخلص افسران کے لئے بھی موجود ہے جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے کیے گئے اپنے وعدے میں سچے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرنے کے خواہشمند ہیں کہ وہ ہندو افواج سے قتال کریں یہاں تک کہ مقبوضہ سرزمین دوبارہ آزاد ہو جائے۔

اے افواج پاکستان میں موجود مسلمانو! بے شک یہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد و نصرت سے ہی ممکن ہوا کہ امریکا اور اس کے اتحادیوں کو معمولی اسلحے سے لیس افغان مجاہدین کے ہاتھوں شکستِ فاش کا سامنا کرنا پڑا۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی کی مدد و نصرت پر ایمان رکھتے ہوئے آپ بھی بزدل اور فرقوں میں بٹی ہوئی ہندو فوج کو باآسانی شکست دینے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ بھارت کا غرور اور علاقائی اثر درحقیقت صرف اور صرف امریکا کے علاقائی اثر و رسوخ کی بدولت ہے، جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے والی قیادت کے آتے ہی ہمیشہ کے لئے خاک میں مل جائے گا۔ پاکستان کی موجودہ قیادت کو اکھاڑ پھینکیں جنہوں نے امت سے کھلی غداری کرتے ہوئے 5 اگست 2019 کو کشمیر مودی کی جھولی میں ڈال دیا۔ آگے بڑھیں اور نبوت کے نقشِ قدم پر خلافت کے دوبارہ قیام کے لئے حزب التحریر کو نُصرہ دیں۔ صرف اسی صورت میں امریکی علاقائی وجود کو ہمیشہ کے لئے ختم کیا جا سکے گا، جس کی شروعات زمینی اور فضائی سپلائی لائن کو منقطع کرنے اور سفارت خانے اور قونصل خانوں کے نام پر جاسوسی کے اڈوں کی بندش سے ہو گی۔ تمام مسلم علاقوں کو یکے بعد دیگرے غدار حکمرانوں سے پاک کرتے ہوئے، ایک خلیفہ کی قیادت تلے ریاست خلافت میں ضم کیا جائے گا۔ اس طرح اسلامی امت کی مضبوط ریاست کی بنیاد رکھی جائے گی جس کے نتیجے میں امت پر مسلط جنگوں کا خاتمہ ہو گا اور دنیا کے تمام ممالک تک اسلام کی روشنی اور ہدایت پہنچانے کا آغاز ہو گا۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
https://anchor.fm/HTmediaPAK :پوڈکاسٹ +967 713 645 449 :واٹس ایپ نمبر

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info: